وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

عوام تک آسان رسائی کے لئے وفاقی محتسب کے مزید اقدامات

راولپنڈی، چکوال اور جنڈ میں کھلی کچہریوں کا انعقاد

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کے افسران 28، 29 اور 30 مئی کو بالترتیب راولپنڈی، چکوال اور جنڈ میں کھلی کچہریاں لگائیں گے۔ وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر راحمہ فاروق 28 مئی کو سپرنٹنڈنٹ انجینئر آئیسکو سٹی سرکل کے دفتر واقع راشد منہاس روڈ مریڑ چوک راولپنڈی میں کھلی کچہری لگائیں گے، وفاقی محتسب کے ایڈوائزر ہارون سکندر پاشا 30 مئی کو اسسٹنٹ کمشنر، جنڈ کے دفتر میں جبکہ 29 مئی کو ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد، ڈپٹی کمشنر چکوال کے دفتر میں کھلی کچہریاں لگا کر اوسی آر شکایات کی سماعت کریں گے، جس میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران بھی موجود ہوں گے۔ وفاقی محتسب کے افسران، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سن کر ان کے ازالے کے لئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ہدایات دیں گے۔ واضح رہے کہ یہ کھلی کچہریاں عوام کو وفاقی محتسب کی طرف سے ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے پروگرام Outreach Complaint Resolution(OCR) کا حصہ ہیں۔ وفاقی محتسب نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام اور پوسٹ آفس سمیت وفاقی اداروں کے متعلقہ حکام کو کھلی کچہریوں میں شریک ہونے کی ہدایت کی ہے۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

27 مئی 2024ء